صدائے اولس



شہر شہر

# پاکستان اسلام کا قلعہ ہے

وفاقی وزیر غذائی تحفظ رانا تنویر حسین نے کہا ہے کہ بھارت سے شہدا کا بدلہ لیا اور آئندہ بھی لیتے رہیں گے۔ پنجاب کے ضلع شیخوپورہ میں جامعہ مسجد القری کے دورے کے دوران رانا تنویر حسین کا کہنا تھا کہ مودی کے ہندوتوا نظریے نے خطے کا امن تباہ کر دیا، مودی جب سے وزیراعظم بنا بھارت میں مسلمانوں پر زندگی تنگ کر دی گئی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اسلام کا قلعہ ہے جو بھارت کو ہضم نہیں ہو رہا، پہلگام واقعہ پاکستانی مداخلت نہیں بھارت کی فوج کی نااہلی ہے، وزیراعظم میاں شہباز شریف نے پہلگام واقع کی نیوٹرل انکوائری کی پیشکش کی۔ وفاقی وزیر غذائی تحفظ کا کہنا تھا کہ ہم خود دہشت گردی کا شکار ہیں اور ہر قسم کی دہشت گردی کی مذمت کرتے ہیں، ہماری افواج کی طاقت، جذبہ ایمانی اور پیشہ ورانہ صلاحیت ہے، ہمارے شاہینوں نے تین رافیل گرا کر تاریخ رقم کر دی، قوم فتح مبین پر شکرانے کے نوافل ادا کرے۔ رانا تنویر حسین نے کہا کہ مضبوط دفاع سے لے کر دشمن کو مضبوط جواب مسلم لیگ ن اور شریف برادران کا طرہ امتیاز ٹھہرا، اپنے شہدا کا بدلہ لیا اور آئندہ بھی لیتے رہیں گے، جب بھی موقع آیا بھارت کو منہ کی کھانا پڑی، انہوں نے مرید کے میں بھارتی حملے میں شہید ہونے والوں کے لواحقین سے بھی ملاقات کی۔

(01)

سے ڈرون کے ذریعے پاکستانی فضائی حدود کی خلاف ورزی کی گئی، وطن کے دفاع میں جان دینے والے شہدا کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں۔ ڈی جی آئی ایس پی آر کا کہنا تھا کہ پاک فوج نے اپنی قوم سے تین چیزوں کا وعدہ کیا تھا، ہم نے وعدہ کیا تھا کہ پاکستان کا جواب بھرپور ہوگا، ہم نے قوم سے کہا تھا کہ ہمارے جواب کا وقت، مقام اور طریقہ ہم خود طے کریں گے، ہم نے کہا تھا جب ہم جواب دیں گے تو صرف انڈین میڈیا نہیں پوری دنیا کے میڈیا کو اس کا پتہ ہوگا۔ پاکستانی افواج اپنے غیور اور بہادر عوام کا شکریہ ادا کرتی ہیں۔ 6 اور 7 مئی کو بھارتی جارحیت سے بچوں اور خاتون سمیت معصوم افراد شہید ہوئے، بھارت نے آزاد کشمیر کی سویلین آبادی کو بھاری ہتھیاروں سے نشانہ بنایا، ہمارے دل اور ہمدردیاں شہدا کے لواحقین کیساتھ ہیں۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ پاک فوج نے آپریشن بنیان مرصوص میں پاکستان کے خلاف استعمال ہونے والے 26 ملٹری ٹارگٹس کو نشانہ بنایا، ائیر بیسز، ورکس اسٹیشن اور پونچھ راڈار کو نشانہ بنایا، اللہ کا شکر ادا کرتے ہیں کہ اس نے فتح سے نوازا۔ وزیراعظم اور وزرا کے مشکور ہیں جنہوں نے مشکل وقت میں اہم

بہادر افواج کی ساتھ غیرت مند عوام کا ملک ہے، کبھی کبھی بھی پاکستان کیخلاف طاقت استعمال کرنے کا سوچ بھی نہیں کر سکو ہم پرامن لوگ ضرور ہے لیکن اگر کسی نے غلطی کی تو پھر دفاع کیلئے ہر قربانی دینے کیلئے تیار ہے آپریشن بنیان مرصوص کا آغاز دشمن کیلئے زیر آفتاب ثابت ہوا پاکستان مسلم لیگ (ن)

